# غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع
# لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ ('' کمپنی '') کا غیر معمولی اجلاسِ عام بروز جمعہ، 20 جون 2025 کو صبح 10 بجے، 5 ویسٹ وہارف، کراچی میں اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔

ہدایات برائے شرکت درج ذیل نوٹس میں فراہم کی جارہی ہیں۔ کمپنی غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے متعلق کورم کی شرائط اور قانونی تقاضوں کی تعمیل کرے گی۔

غیر معمولی اجلاسِ عام درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جارہا ہے:

**خصوصی اُمور:**

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (c)(1)85 کے مطابق کمپنی کے شیئر کیپیٹل کی ذیلی تقسیم (سب ڈویژن) پر غور کرنا اور مناسب سمجھنے پر منظوری دینا اور اس ضمن میں درج ذیل قرارداد کی بطور خصوصی قرارداد (ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم) منظوری دینا:

''قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (c)(1)85 اور لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ ('' کمپنی '') کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل (c)31 کے مطابق، کمپنی کا موجودہ شیئر کیپیٹل، بشمول اتھارائزڈ، ایشوڈ اور پیڈ اپ کیپیٹل، اس طرح تبدیل کیا جائے کہ کمپنی کے ہر عام شیئر کو، جس کی قیمت /-10 روپے ہے، شیئر اسپلٹ کے ذریعے پانچ (05) عام شیئرز میں تقسیم کر دیا جائے، جن میں سے ہر ایک کی قیمت /-2 روپے ہو، شیئرز کے حقوق اور مراعات میں کسی تبدیلی کے بغیر۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق 5 میں غیر معمولی اجلاس عام کی اس اطلاع کے ساتھ منسلک حقائق پر مبنی اسٹیٹمنٹ میں درج تفصیل کے مطابق مذکورہ ذیلی تقسیم (سب ڈویژن) کی عکاسی کرنے کے لیے جو ترمیم ہونی تھی، وہ بذریعہ ہذا کر دی گئی ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو، چیف فنانشل آفیسر یا کمپنی سیکرٹری کو تمام قانونی رسمی کارروائیاں مکمل کرنے اور تمام ضروری ضمنی اور/یا ہنگامی دستاویزات جمع کروانے کے لیے، مشترکہ طور پر اور انفرادی طور پر، تمام اعمال، کاموں اور امور کو انجام دینے اور مندرجہ بالا قراردادوں کو نافذ کرنے اور تمام قانونی ضوابط مکمل کرنے کے لئے ضروری یا اس سے متعلقہ تمام امور اور اقدامات اٹھانے کا اختیار دیا جاتا ہے تاکہ مذکورہ بالا قرارداد کے مقاصد کو مکمل طور پر حاصل کیا جاسکے۔''

اس اطلاع کے ساتھ، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت، مذکورہ بالا خصوصی کاروبار سے متعلق حقائق پر مبنی اسٹیٹمنٹ منسلک ہے۔

حسب الحکم بورڈ

لیلیٰ بھائیہ باوانی
کمپنی سیکریٹری

30 مئی 2025
کراچی

نوٹس:

1۔ **شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 13 جون، 2025 تا 20 جون، 2025 (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرارز میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کے دفتر میں 12 جون، 2025 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والے شیئرز ٹرانسفرز کو حسب ترتیب غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2۔ **بذاتِ خود یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اجلاس میں شرکت:**

12 جون، 2025 کو ممبران کے رجسٹر میں جن ممبران کے نام درج ہوں گے، وہ غیر معمولی اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہوں گے۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ممبر کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی کو بطور نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

ممبران کو اجلاس کے لیے موثر پراکسی دستاویز اس اطلاع کے ساتھ بھجوائی جا رہی ہے۔ پراکسی دستاویز کی مزید کاپیاں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے کام کے عمومی اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ http://www.luckycore.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔ پراکسی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر کوئی مختار نامہ (اگر کوئی ہو) جس پر دستخط ہیں یا وہ تصدیق شدہ ہے، یا ایسے کسی پاور یا مختار نامے کی تصدیق شدہ کاپی فعال صورت میں ہی، غیر معمولی اجلاسِ عام سے کم از کم 48 گھنٹے قبل general.meetings@luckycore.com پر ای میل کئے جاسکتے ہیں یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے رجسٹرڈ آفس میں عام تعطیل کے علاوہ کسی بھی کاروباری دن کو جمع کرائے جاسکتے ہیں۔

ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی ہمارے شیئر رجسٹرار فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے رجسٹرڈ ایڈریس پر جمع کرائیں۔

الف) ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے، ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل general.meetings@luckycore.com پر درج ذیل معلومات فراہم کر کے خود کو رجسٹر کرائیں:

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی / این ٹی این نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی IAS اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ب) ممبران کو مذکورہ بالا تفصیلات کی تصدیق کے بعد رجسٹر کیا جائے گا اور انہیں کمپنی کی جانب سے ای میل کے ذریعے ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔

ج) غیر معمولی اجلاسِ عام میں ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت انہی ممبران کو دی جائے گی، جن کے نام رجسٹریشن کے لیے کمپنی کو بھیجے گئے کوائف سے مماثلت رکھیں گے (جس طرح پوائنٹ 'الف' میں درج ہے)۔

د) لاگ ان کی سہولت صبح 9:45 سے غیر معمولی اجلاسِ عام کے اختتام تک جاری رہے گی۔

ر) ممبران غیر معمولی اجلاسِ عام کے ایجنڈے سے متعلق اپنی آراء اور تجاویز general.meetings@luckycore.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

3۔ **سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ہدایات:**

سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 کے مطابق درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

**الف) غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے:**

(I) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہو چکی ہیں، غیر معمولی اجلاسِ عام کے وقت اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں۔

(II) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی منتخب فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاسِ عام کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

**ب) پراکسی کے تقرر کے لیے:**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ ہو چکی ہیں، مندرجہ بالا ہدایات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں۔

(ii) پراکسی فارم کے لیے 2 گواہ ضروری ہیں، جن کے نام، ایڈریس اور سی این آئی سی، فارم پر درج ہوں۔

(iii) بینفیشل مالکان اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوں گی۔
(iv) پراکسی اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کرے گا۔
(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی منتخب فرد کے دستخط کے نمونہ کے ساتھ بذریعہ ای میل اور اجلاس کے موقع پر کمپنی کو فراہم کرنے ہوں گے۔

4۔ ای ووٹنگ/پوسٹل بیلٹ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے تحت ممبران کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی، یہ ووٹنگ بذریعہ ڈاک یا الیکٹرانک طریقے سے مذکورہ ریگولیشنز میں درج لوازمات اور طریقہ کار کے مطابق ہوگی۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کے تفصیلی طریقہ کار بیلٹ پیپر پر فراہم کیے گئے ہیں، جبکہ الیکٹرانک ووٹنگ کے لیے ہدایات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کی جانب سے ممبران کو بھیجی جائیں گی۔

5۔ فزیکل شیئرز کی بُک انٹری فارم میں تبدیلی:

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے خط CSD/ED/Misc/2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021 میں لسٹڈ کمپنیز کو مشورہ دیا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کی دفعات کی پابندی کرتے ہوئے ان کی جانب سے جاری کردہ اپنے فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کرلیں۔

کمپنی کے فزیکل فولیوز/شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ جلد سے جلد اپنے فزیکل فارم والے شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ اس ضمن میں شیئر ہولڈرز اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپینٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے رابطہ کر کے سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کرنے میں مدد لے سکتے ہیں۔ اس سے شیئر ہولڈرز کو شیئرز کی محفوظ تحویل اور متبادل شیئرز کے اجراء کے لیے درکار رسمی کارروائیوں سے بچنا وغیرہ سمیت کئی طریقوں سے سہولت ملے گی۔ مزید معلومات اور معاونت کے لیے ممبران ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

6۔ ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر درج کرنے کی شرط:

ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے فزیکل فولیو کے لیے اپ ڈیٹ شدہ ای میل اور موبائل فون نمبر فراہم کریں اور الیکٹرانک شکل میں شیئرز کی صورت میں اپنے پارٹیسپینٹ یا بروکر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

7۔ ممبران میں تحائف کی تقسیم پر پابندی:

''ایس ای سی پی'' نے 2018 کے سرکلر نمبر 2، مورخہ 9 فروری، 2018 اور ایس آر او 452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ، 2025 کے ذریعے، کمپنیوں کو ممبران کو اجلاس عام میں یا اس کے حوالے سے تحائف، مراعات، یا کسی بھی قسم کے ملتے جلتے فوائد (بشمول لیکن ان تک محدود نہیں، ٹوکن، کوپن، طعام یا ٹیک اوے پیکجز) پیش کرنے یا تقسیم کرنے سے سختی کے ساتھ منع کیا ہے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 185 کے مطابق ان ہدایات کی عدم تعمیل ایک قابل سزا جرم ہے اور خلاف ورزی کرنے والی کمپنیوں کے خلاف تادیبی کارروائیاں اور جرمانے کیے جا سکتے ہیں۔